
South Yorkshire Housing Association

COME HOME

# گھروں کی اچھی حالت کے بارے معلوماتی کتابچہ

## رطوبت کے سلسلہ میں رہائشیوں کیلئے راہنمائی



HH Handbook - Urdu InDesign File.indd 1 28/02/2024 09:28:48

# تعارف

خاص طور پر موسم سرما کے مہینوں میں تمام گھروں میں رطوبت بڑھ جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔ آپ کے گھر میں زیادہ رطوبت کی وجہ سے اکائی وغیرہ جیسے مسائل کا باعث بن سکتی ہے جو آپ کی صحت اور آپ کے گھر کی صحت کو متاثر کر سکتی ہے۔ تھوڑی بہت رطوبت عام طور پر کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ البتہ ہم روزمرہ کے کچھ کام کر سکتے ہیں جن سے ہم اِس کی روک تھام کر سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے انرجی سیونگ ٹرسٹ Energy Saving Trust والوں کے ساتھ مل کر یہ معلوماتی کتابچہ تیار کیا ہے تا کہ رطوبت کو کم رکھنے اور اپنے گھر کو اچھی حالت میں رکھنے پر کچھ عملی مشوروں سے آگاہ کر سکیں۔ ہم نمی کی مختلف اقسام کے بارے میں بھی معلومات فراہم کریں گے تا کہ آپ کسی بھی ممکنہ خدشات کی نشاندہی کر سکیں اور اگر کوئی مسئلہ ہو تو ہمیں کیسے آگاہ کر سکیں۔

آپ کے مالک مکان کی حیثیت سے ہماری یہ ذمہ داری ہے کہ آپ کو ایک محفوظ اور اچھی حالت میں گھر فراہم کریں۔ اگر آپ کو اپنے گھر میں کوئی نمی یا کثافت نظر آئے یا اِن تجاویز پر عمل کرنے کے باوجود رطوبت میں کمی نہیں آتی تو فوری ہمیں آگاہ کریں۔

ہم آپ کو درپیش کسی بھی مسئلے کی نشاندہی کرنے کیلئے آپ کے گھر کا دورہ کریں گے اور اِس بات کو یقینی بنانے کیلئے ملکر کام کریں گے کہ کسی بھی خطرے یا مسائل کو ترجیح بنیاد پر حل کیا جائے۔

اگر آپ نے اِس کتابچے کے بارے میں کچھ پوچھنا ہو یا گھر کو اچھی اور محفوظ حالت میں رکھنے کے بارے میں مزید مشورہ چاہتے ہیں تو ہم سے رابطہ کریں تا کہ ہم آپ کی مدد کر سکیں۔







HH Handbook - Urdu InDesign File.indd 2-3 28/02/2024 09:28:49


# رطوبت کیا ہے؟

رطوبت اُس وقت ہوتی ہے جب ہوا میں اضافی نمی ٹھنڈی جگہ پر پڑتی ہے اور پانی کے قطروں میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ کھانا پکانے، صفائی کرنے، نہانے اور سانس لینے جیسے روزمرہ کے کام ہمارے گھروں میں اضافی نمی پیدا کرتے ہیں۔ موسم سرما میں رطوبت ہونے کا امکان زیادہ ہوتا ہے۔ اِس کی وجہ یہ ہے کہ کھڑکیاں اور دیواریں ٹھنڈی ہوتی ہیں اور ہمارے گھروں کے اندر نمی اور گرم ہوا زیادہ ہوتی ہے۔

سردیوں میں ہم اکثر اپنی کھڑکیوں اور دروازوں کو بند ہی رکھتے ہیں جس کا مطلب ہے کہ نم ہوا کو باہر نکلنے کا راستہ کم ہی ملتا ہے۔ تھوڑی بہت رطوبت جو باتھ یا شاور لیتے وقت آئینے پر جمع ہوتی ہے اُس سے کوئی نقصان نہیں ہوتا بشرطیکہ اُسے صاف کیا جاتا رہے۔ اگر آپ کو کسی جگہ بھی رطوبت نظر آئے تو اُسے خشک اور صاف کپڑے یا تولیے سے صاف کر دیں۔

**اگر آپ بہت زیادہ رطوبت کے بارے پریشان ہوں تو**
**ہمیں 0800 1380 380 پر فون کریں۔**





اچھی حالت کے گھر پر مشورہ

**اگر آپ کسی جگہ پر رطوبت دیکھیں تو اُسے خشک اور صاف کپڑے یا تولیے سے صاف کر دیں۔**



HH Handbook - Urdu InDesign File.indd 4-5 28/02/2024 09:28:49

## نمی کیا ہے؟

رطوبت ایک قسم کی نمی ہے جو گھر کے اندر بہت زیادہ گیلے پن کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اِس کے علاوہ دیگر قسم کی نمی بھی ہوتی ہے، جو پائپوں میں خرابی یا دیواروں یا نیچے فرش میں سے پانی وغیرہ آنے کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اُس کو تعین کرنا ضروری ہے تا کہ آپ ہمیں بتا سکیں کہ مسئلہ ہے کیا اور ہم اُس کے ازالے کیلئے کارروائی کر سکیں۔

**اگر آپ کے خیال میں فرش یا دیواروں سے نمی ظاہر ہو رہی ہے یا پائپوں کی خرابی کی وجہ سے ہو تو فوراً ہمیں 0800 1380 380 پر فون کریں تا کہ ہم اُس کا تعین کرنے آ سکیں اور مسئلے کو حل کر سکیں۔**

## نمودار ہونے والی نمی یا گیلا پن



نمودار ہونے والی نمی اُسے کہا جاتا ہے جو مٹی میں شامل پانی دیوار کے ذریعے اوپر آتا ہے۔ یہ صرف پہلی منزل کے کمروں یا تہہ خانوں کو متاثر کرے گی۔ یہ بہت عام نہیں ہے اور اِسے عموماً ڈیمپ پروف کورس کے ذریعہ روکا جا تا سکتا ہے۔ اگر آپ کے گھر میں ڈیمپ پروف کورس نہ کیا گیا ہو یا خراب ہو گیا ہو تو نمی بڑھ سکتی ہے۔ خراب اسکرٹنگ بورڈز اور فلور بورڈز، پرانے یا ٹوٹے پھوٹے پلاسٹر، اور اکھڑے ہوئے رنگ روغن یا دیواروں پر پھٹے پرانے وال پیپر ایسی نمی کے ظہور کی علامات میں شامل ہیں۔ ایسی نمی سے اکثر دیوار کے نچلے حصے میں لہروں کی شکل کے نشانات پائے جاتے ہیں۔





## نمی یا کائی کا ظہور

نمی باہر سے دیواروں کے ذریعے بہنے والے پانی کی وجہ سے بھی ہوتی ہے اور پرنالوں وغیرہ کی خرابی کی وجہ سے بھی ہوتی ہے۔ یہ عام طور پر صاف دیواروں، چھتوں یا فرش میں نمی کی شکل میں ظاہر ہوتی ہے۔ بارشی موسم میں اِس قسم کی نمی اور زیادہ خراب ہو جاتی ہے۔


## پائپوں میں خرابی



پائپوں میں سے خارج ہونے والے پانی بھی نمی کا سبب بن سکتا ہے۔ ایسا عموماً باورچی خانے یا باتھ روم میں ہوتا ہے۔ اُس جگہ کو ہاتھ لگانے سے گیلا پن محسوس ہوگا۔ باہر موسم چاہے کیسا بھی ہو یہ جگہ بدستور گیلی ہی رہے گی۔



HH Handbook - Urdu InDesign File.indd 6-7 28/02/2024 09:28:49




## اکائی کیا ہے؟

زیادہ رطوبت یا گھر میں نمی کے مسائل چھت، دیواروں اور فرش جیسی جگہوں میں جمع ہونے والے پانی کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں۔

اِس سے آپ کے گھر کو نقصان ہوسکتا ہے۔ جیسے رنگ روغن کا اتر جانا۔ وال پیپر کا اکھڑنا یا سیاہ رنگ کی اکائی نمودار رہنا۔ سیاہ اکائی کسی بھی جگہ میں ابھر سکتی ہے۔ لیکن عموماً کھڑکیوں، چھت یا دیواروں کی جگہ پر زیادہ ہوتی ہے۔

اگر آپ دیکھیں کہ اکائی جمع ہو رہی ہے تو یہ ضروری ہے کہ اِس کا فوری علاج کیا جائے کیونکہ یہ تیزی سے پھیل سکتی ہے اور آپ کی صحت کیلئے نقصان دہ ہوسکتی ہے۔ تھوڑی سی جگہ پر سے اکائی کو ہٹانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ ایک صاف کپڑے پر سفید سرکہ کا اسپرے استعمال کریں۔ سفید سرکہ اکثر جگہوں پر بحفاظت استعمال کیا جا سکتا ہے جو اکائی کی جڑوں تک اُس پر جا کر اثر کرتا ہے۔

اگر اکائی کو صاف کرنے اور اِن تجاویز پر عمل کرنے کے باوجود وہ دور نہیں ہو تو ممکن ہے مکان کی ساخت میں کوئی خرابی ہو۔ براہِ کرم 0800 1380 380 پر براہ راست ہم سے رابطہ کریں تا کہ ہم آ کر اُسے دیکھ کر مسئلے کو حل کرنے کیلئے کارروائی کر سکیں۔







HH Handbook - Urdu InDesign File.indd 8-9
28/02/2024 09:28:50

## گھر کو اچھی حالت میں رکھنے پر مشورہ


رطوبت کو روکنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ اپنے گھر میں پیدا ہونے والی نمی کی مقدار کو کم رکھیں اور گھر کو جتنا ممکن ہو سکے گرم اور ہوادار رکھیں۔ اِس سلسلہ میں یہاں چند تجاویز پیش کی جاتی ہیں۔




1. کھانا پکاتے، نہانے اور کپڑے خشک کرتے وقت کھڑکیاں کھولنے سے ہوا کی نمی کو باہر جانے کا راستہ ملتا ہے۔



2. کھانا پکاتے وقت اور نہاتے وقت اپنے ایکسٹریکٹر پنکھے کو آن کرنے سے ہوا میں سے اضافی نمی دور ہو جاتی ہے۔



3. کھانا پکاتے وقت ہانڈی وغیرہ پر ڈھکن لگانے سے ہوا میں کم نمی پیدا ہوتی ہے (اور آپ کے توانائی کے بل میں بھی بچت ہوتی ہے!)



4. اپنے گھر کو گرم رکھنے سے مختلف جگہوں پر رطوبت جمع نہ ہونے میں مدد ملتی ہے۔ ہمیں احساس ہے کہ توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے باعث اپنے گھر کو گرم رکھنا زیادہ مشکل ہو سکتا ہے۔ اپنے توانائی کے بلوں میں مدد کیلئے صفحہ 15 دیکھیں۔







HH Handbook - Urdu InDesign File.indd 10-11 28/02/2024 09:28:51

# گھر کو اچھی حالت میں رکھنے پر مشورہ


5. اگر ہو سکے تو گھر کے درجہ حرارت کو کم سے کم رکھیں جو آپ کیلئے آرام دہ ہو۔ (18 تا 21 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رکھنے کی تجویز دی جاتی ہے ) اِس کے درمیان پر رکھنے سے آپ اور آپ کا گھر دونوں اچھی حالت میں رہیں گے اور ساتھ میں توانائی کے بل میں بھی بچت آئے گی۔ اپنے توانائی کے بلوں میں مدد کیلئے صفحہ 15 دیکھیں۔





6. کپڑے خشک کرنے سے نمی پیدا ہوتی ہے۔ لہٰذاا گر آپ کے ہاں باہر جگہ ہو تو کپڑوں کو باہر خشک کرنے سے آپ کے گھر میں اضافی نمی نہ ہونے میں مدد ملے گی۔ گھر کے اندر کپڑے خشک کرنے والے ریک کا استعمال کرتے وقت کھڑکی کو تھوڑا سا کھولنا یا اپنے ایکسٹریکٹر پنکھے کو آن کرنا اضافی نمی کو دور کرنے میں مدد کرتا ہے۔




7. صوفوں اور دیگر فرنیچر کو ریڈی ایٹرز یا ہیٹر سے دور رکھنے سے گرم ہوا گھر کے دیگر کمروں تک بھی بآسانی پہنچ پاتی ہے۔




8. کھڑکیوں پردے اور قالین آپ کے گھر کو گرم رکھنے میں مدد کرتے ہیں۔ پردوں کو کھڑکی کے کناروں تک اور ریڈیایٹرز کے اوپر تک رکھنا چاہئے۔ انہیں صبح کے وقت کھولنے اور شام کو بند کرنے سے گرمی کو برقرار رکھنے اور سردی کو دور رکھنے میں مدد ملتی ہے۔



9. ریڈیایٹر پر لگے تھرمو سے آپ کو ہر ایک کمرے کا درجہ حرارت کم کرنے یا زیادہ رکھنے سے مدد ملتی ہے۔ آپ اُن کمروں کا درجہ حرارت زیادہ رکھ سکتے ہیں جو آپ زیادہ استعمال کرتے ہیں اور جو کم استعمال کرتے ہیں اُن میں اِسے کم کر سکتے ہیں۔ اِس طرح آپ اپنے توانائی کے اخراجات پر بھی نظر رکھ سکتے ہیں۔ بیٹھنے والے کمروں میں تھرمو کو 4 تا 5 اور بیڈ روم میں 2 تا 3 تک رکھنا زیادہ مناسب ہے۔



10. اندرونی دروازوں کو بند رکھنے اور روشندان کے استعمال سے گھر کی ٹھنڈی جگھوں تک جانے والی گرمی کی مقدار کو کم کیا جا سکتا ہے۔ اِس سے اُن کمروں میں گرمی کو برقرار رکھنے میں مدد ملتی ہے جو آپ اکثر استعمال کرتے ہیں لہٰذا وہ زیادہ آرام دہ بھی رہتے ہیں۔






HH Handbook - Urdu InDesign File.indd 12-13
28/02/2024 09:28:54

## سٹوریج ہیٹر


اگرآپ کے گھر میں سٹوریج ہیٹر نصب ہے تو اُس کے بارے معلومات سے آشنا رہیں تا کہ گھر بھی گرم رہے اور آپ کے بل جات میں بھی کمی رہے۔ ’اِن پُٹ‘ بٹن سے اتنی بجلی سٹور کی جا سکتی ہے جتنا گھر گرم رکھنا ہو۔ ’آؤٹ پُٹ‘ بٹن سے کنٹرول کیا جا سکتا ہے کہ اگلے دن یہ گرمی کتنی تیزی سے ختم ہوتی ہے۔ سرد موسم میں ’اِن پُٹ‘ بٹن کو اوپر کرنے سے زیادہ گرمی ذخیرہ ہوگی۔ اگر آپ گھر پر ہیں اور ٹھنڈک محسوس کر رہے ہوں تو، آپ ’آؤٹ پُٹ‘ بٹن کو بڑھا سکتے ہیں۔ توانائی کے بلوں کو کم رکھنے کیلئے رات کو یا جب گھر سے باہر ہوں تو ’آؤٹ پُٹ‘ بٹن کو کم کریں۔ یاد رکھیں، آپ کو کل کی گرمی کیلئے آج ’اِن پُٹ‘ بٹن کو سیٹ کرنے کی ضرورت ہوگی۔

**مشورہ و معلومات کیلئے ہمیں 0800 1380 380 پر فون کریں**

**توانائی کے بل میں مدد**


اگر آپ اپنا بل ادا کرنے میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہوں تو سپلائی کرنے والی کمپنی سے بات کریں کہ وہ اِس سلسلہ میں آپ کی کیا مدد کر سکتے ہیں۔

**پیسوں کے سلسلہ میں مدد اور مشورہ کیلئے ہمیں 0800 1380 380 پر فون کریں**




**مزید معلومات اور تعاون کیلئے درج ذیل ویب سائٹ سے رجوع کریں**
www.syha.co.uk





## جن گھروں میں ہیٹ پمپ یا سٹوریج ہیٹر ہوں

### ہیٹ پمپ

اگر آپ کے گھر میں ہیٹ پمپ نصب ہے تو اِسے ایسے ترتیب دیا گیا ہے کہ وہ گھر ٹھنڈا ہونے پر چلتا ہے۔ اُس پر لگے بٹن سے آپ گھر کا درجہ حرارت طے کر سکتے ہیں۔ جب آپ کہیں باہر جائیں تو اُسے بند کرنے کی فکر نہیں کرنا پڑتی۔

**مشورہ و معلومات کیلئے ہمیں 0800 1380 380 پر فون کریں**



HH Handbook - Urdu InDesign File.indd 14-15 28/02/2024 09:28:56

یہ معلوماتی کتابچہ انرجی سیونگ کی شراکت سے تیار کیا گیا ہے۔

گھر کو اچھی حالت میں رکھنے اور رطوبت کو کم کرنے کے سلسلہ

میں مزید معلومات کیلئے رجوع کریں: www.syha.co.uk


ای میل: enquiries@syha.co.uk

فون: 0800 1380 380


energy saving trust verified by

South Yorkshire Housing Association COME HOME